© rasailojaraid.com

**قرآن کی باتیں**
مصنف: سید نظر زیدی - مطبع: تعمیر ادب، لاہور
تقسیم کنندہ: المنار بک سنٹر منصورہ، لاہور - ضخامت: ۹۶ صفحات
قیمت: ۱۸/- روپے۔

سید نظر زیدی صاحب ان شعراء و ادباء میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے ادب و شعر کے ذریعے سے ننھے منے بچوں کی ذہنی، اخلاقی اور روحانی تربیت کرنے کی حتیٰ الامکان کوشش کی ہے۔

"قرآن کی باتیں" ان کی نئی اور تازہ تالیف ہے، جس میں انھوں نے قرآن مجید کی آیات کے حوالے سے شرف انسانیت، نماز کی فرضیت، سچ بولنا، غیبت سے بچنا، لباس اور بدن کی پاکیزگی، فضول خرچی کی عادتِ بد سے پرہیز اور چغل خوری کی قباحت اور باہمی لڑائی جھگڑے سے بچنا وغیرہ عنوانات کے تحت بچوں کے لیے اچھی معلومات جمع کر دی ہیں۔

ص ۴۰ دوسرے پیرے کو کسی اور مثال سے پیش کیا جاتا تو بہتر تھا - اسی طرح ص ۵۶ پر دوسرا پیرا بھی "ہوا یہ کہ چالاک اور خود غرض لوگوں" قابلِ توجہ ہے۔

(عبدالوکیل علوی)

---

**وادیٔ نیل کا قافلہ سخت جاں**
مؤلف: مرشد عام اخوان المسلمون مصر محمد حامد ابو النصر
مترجم: حافظ محمد ادریس ایم اے - طابع و ناشر: عرا پبلی کیشنز، فضل الٰہی مارکیٹ، اردو بازار، لاہور - ضخامت: ۲۹۲ صفحات - قیمت: ۶۵/- روپے

حق و باطل کی کش مکش ابتدائے آفرینش سے لے کر آج تک جاری ہے اور قیامت تک جاری رہے گی ـــــ خوش قسمت اور سعادتِ دارین سے بہرہ ور ہیں وہ نفوسِ قدسیہ جنہوں نے ہر حالت میں حق و صداقت کا بے لوث ساتھ دیا - اور اس کے لیے ہر قسم کی قربانی پیش کرنے سے دریغ نہیں کیا۔

اخوان المسلمون کے مرشد عام محترم محمد حامد ابو النصر نے اپنی تالیف میں مصر کے


© rasailojaraid.com